# حجّی

## ہیکل بنانے کا وقت

۱ دارا بادشاہ کی حکومت کے دوسرے برس کے چھٹے مہینے کی پہلی تاریخ
کو یہوداہ کے گورنر زُربّابل بن سیالتی ایل اوراعلیٰ کاہن یشوع بن
یہوصدق کو حجّی نبی کی معرفت خداوند کا کلام پہنچا۔ ۲ خداوند قادر مطلق
کہتاہے: ”لوگ کہتے ہیں کہ خداوند کے گھر کو ازسرے نوبنانے کے لئے
وقت اب تک نہیں آیا ہے۔“
۳ خداوند کا پیغام حجّی نبی کے معرفت آیا۔ حجّی نے کہا: ۴ ”کیا یہ
وقت تمہارے لئے لکڑی کے تختوں سے سجے گھروں میں رہنے کا ہے، جبکہ
میرا گھر تباہ و برباد پڑا ہوا ہے؟ ۵ اس سبب سے خداوند قادرالمطلق یہ
کہتاہے: 'اپنے راستے کے بارے میں سوچنے کے لئے ہوشیار رہو! ۶ تم نے
بویا بہت ہے لیکن صرف تھوڑا ہی کاٹا ہے۔ تم کھاتے ہو لیکن تم پھر بھی
بھوک محسوس کرتے ہو۔ تم پیتے ہو لیکن یہ تمہارے لئے کافی نہیں
ہوتاہے۔ تم کپڑا پہنو گے لیکن تمہیں گرم محسوس نہیں ہوگی۔اور روزانہ
مزدوری کرنے والے اپنے پیسے ایسی تھیلی میں رکھتے ہیں جس میں سوراخ
ہے!'“
۷ خداوند قادرمطلق فرماتاہے، ”اپنے راستے کے بارے میں سوچنے
کے لئے ہوشیار رہو۔“ ۸ پہاڑوں پر جاؤ لکڑی لاؤ اور گھر بناؤ تا کہ میں شاید
خوش ہونگا اور میرا احترام ہوگا خداوند کہتاہے۔“
۹ تم بہت زیادہ فصل کی امید کئے، لیکن تمہیں بہت کم اناج ملتا
ہے؛اور جب تم اسے اندر لائے تو میں نے اسے اُڑا دیا۔ کیوں؟“ خداوند
قادرمطلق کہتا ہے، ”کیونکہ میرا گھر تباہ و برباد ہو کر پڑا ہے جبکہ تم میں
سے ہر کوئی اپنے اپنے گھر کو لیکر مشغول ہو۔ ۱۰ اس وجہ سے آسمان نے
شبنم روک لیا اور زمین فصل دینا بند کر دیا۔“
۱۱ ”میں نے خشک سالی کو زمین اور پہاڑوں پر، اناجوں، نئی مئے
اور تیل کے اوپر، زمین پر پیدا ہونے والے چیزوں پر، انسانوں پر اور
جانوروں کے اوپر اور ان ساری چیزوں کے اوپر جسے وہ بناتے ہیں نیچے
بلایا اور سارے آدمیوں کی محنت بے مول ہوگی۔“

## نئی ہیکل کے کام کا آغاز

۱۲ تب زُربّابل بن سیالتی ایل اور اعلیٰ کاہن یشوع بن یہوصدق
اور باقی بچے لوگوں نے خداوند اپنے خدا کے کلام کو مانا۔ انہوں نے نبی حجّی
کے کلام پر بھی چلا کیونکہ خداوند انکے خدا نے اسے بھجا تھا اور لوگ خداوند
کے سامنے احترام سے تھے۔
۱۳ خداوند کا پیغمبر حجّی نے خداوند کے پیغام کو لوگوں کو دیا - یہ
کہتے ہوئے، ”میں تمہارے ساتھ ہوں۔“ خداوند کہتا ہے۔
۱۴ خداوند نے یہوداہ کے گورنر زرُبّابل بن سیالتی ایل کی روح کو،
اعلیٰ کاہن یشوع بن یہوصدق کی روح کو، اور باقی لوگوں کو جوش دلایا۔اور
اپنے خدا خداوند قادر مطلق کے گھر پر کام کئے۔ ۱۵ انلوگوں نے یہ کام
دارا بادشاہ کی حکومت کے دوسرے برس کے چھٹے مہینے کی چوبیسویں تاریخ
کو شروع کیا۔

## خداوند نے لوگوں کی حوصلہ افزائی کی

۲ ساتویں مہینے کی اکیسویں تاریخ کو خداوند کا پیغام حجّی نبی کے
معرفت پہنچا،کہا گیا، ۲ برائے مہربانی یہوداہ کے گورنر زرُبّابل
بن سیالتی ایل،اعلیٰ کاہن یشوع بن یہوصدق اور باقی لوگوں سے بات کرو
اور کہو۔
۳ ”تم میں سے یہاں کون ہے جو اس گھر کو اسکے پہلے کی جلوہ میں دیکھا
ہے۔ اب تمہیں یہ کیسا دکھائی دے رہا ہے؟ کیا تمہیں یہ پہلی ہیکل کے
مقابلہ میں ایسا نہیں دکھائی دے رہا ہے کہ یہ کچھ بھی نہیں ہے؟ ۴ لیکن
اے زُربّابل، خدا کہتا ہے، 'اے اعلیٰ کاہن یشوع بن یہوصدق حوصلہ رکھّو!
اس زمین کے سارے لوگ حوصلہ رکھّو!“ خداوند کہتا ہے، 'کام کرو کیوں کہ
میں تیرے ساتھ ہوں!' خداوند قادر مطلق فرماتا ہے،
۵ ”معاہدہ کے مطابق جو کہ میں نے تم سے کیا تم مصر سے باہر آئے۔
میرا روح تمہارے ساتھ رہتاہے ڈرومت۔“ ۶ کیونکہ خداوند قادرمطلق
فرماتاہے، صرف تھوڑی ہی دیر میں آسمان، زمین، سمندر اور خشک زمین کو
ہلادونگا۔ ۷ اور میں ساری قوموں کو ہلادونگا۔ تاکہ وہ اپنے خزانوں کے ساتھ
آئینگے اور میں اس گھر کو شان وشوکت سے بھر دونگا۔“ خداوند قادرمطلق
فرماتاہے۔
۸ ”چاندی میرے ہے اور اسی طرح سونا بھی،“ خداوند قادرالمطلق
فرماتاہے۔ ۹ اس گھر کی شان وشوکت پہلے کے گھر کی شان و شوکت سے
بہت زیادہ ہوگی۔“ خداوند قادر مطلق کہتا ہے، ”اور اس جگہ کو میں شانتی
دونگا۔“ خداوند قادر مطلق فرماتا ہے۔

**کام کی شروعات ہو چکی ہے- خداوند کی رحمت نازل ہو گی**

۱۰ دارا کی حکومت کے دوسرے دن سال کے نویں مہینے کے
چوبیسویں دن خداوند کا پیغام حجّی نبی کے معرفت آیا- ۱۱ اس طرح
خداوند قادر مطلق فرماتا ہے،" برائے مہربانی کاہنوں سے پوچھو کہ
اسکے متعلق شریعت کیا کہتا ہے- ۱۲ "اگر کوئی شخص مقدس گوشت
اپنے لباس میں لپیٹ کر لاتا ہے، اور اگر اسکا لباس روٹی، یا پکا ہوا کھانا یا مئے،
تیل یا کوئی بھی کھانے کی چیزوں سے چھو جائے، تو کیا وہ چیزیں جو اس
سے چھو جائے مقدس ہو جائے گا؟"

تب کاہنوں نے جواب دیا، نہیں!

۱۳ حجّی نے کہا، "لیکن اگر کوئی شخص لاش کو چھونے سے ناپاک ہو
جاتا ہے، ان چیزوں میں سے کسی کو بھی چھو تا ہے، کیا وہ ناپاک ہو
جائے گا؟"

کاہنوں نے جواب دیا، "ہاں! یہ ناپاک ہو جائے گا-"

۱۴ پھر حجّی نے کہا، خداوند فرماتا ہے، "میری نظر میں انلوگوں کے
بارے میں اوران قوموں کے بارے میں یہ صحیح ہے،"" یہ صحیح ہے کہ وہ
جو کچھ بھی قربان گاہ میں لائیگا وہ ناپاک ہے!

۱۵ اب آج سے آئندہ کے لئے اس بات کا خیال رکھو، ہوشیاری
برتو: اس سے پہلے کہ خداوند کی ہیکل میں ایک پتّھر کے اوپر دوسرا پتّھر
رکھا جائے - ۱۶ اس وقت تم کیسے تھے؟ جب کوئی شخص اناج کے
ڈھیر کے پاس بیس پیمانے کی امید لیکر گئے، وہاں صرف
دس پیمانہ ہی تھا- جب کوئی شخص ایک بڑا حوض کے پاس
پچاس(۵۰) پیمانہ مئے کے لئے گئے تو وہاں صرف بیس پیمانہ ہی تھا-
۱۷ میں نے تم کو اور تمہارے محنت کے سارے پیداوار کو پت روگ
سے، پھپھوندیوں سے اور اولوں سے مارا- تب پر بھی تم میرے پاس
نہیں آئے-" خداوند فرماتا ہے-

۱۸ خداوند نے کہا، "آج ۹ ویں مہینے کا ۲۴ ویں تاریخ ہے- اور تم
نے خداوند کی ہیکل کی بنیاد کو رکھنا پورا کیا- اسلئے آج سے آئندہ ہونے والی
باتوں کے بارے میں سوچو-" ۱۹ کیا ابھی بھی کوئی بیج غلّہ خانہ میں بچا
ہوا ہے؟ انگور کے بیل، انجیر کے درخت، انار کے درخت اور زیتون کے
درخت میں کیا اب بھی پھل نہیں لگتے ہیں؟ آج سے آئندہ کے لئے میں
تمہیں فضل بخشونگا-"

۲۰ خداوند نے مہینے کے چوبیسویں (۲۴) تاریخ کو دوسری بار حجّی
سے بات کی، کہا گیا، ۲۱ "یہوداہ کے گور نر زربّابل سے بات کرو اور کہو،
'میں زمین اور آسمان کو ہلادونگا- ۲۲ میں حکومت کو اُلٹ دونگا اور
دوسرے ملکوں کی طاقت کو برباد کردونگا- میں رتھوں کو اسکے رتھ بان
سمیت اُلٹ دونگا - اور گھوڑے اپنے گھوڑ سوار سمیت گر پڑیگا- اور آدمی
اپنے ساتھی سپاہی کے تلوار سے مارا جائیگا- ۲۳ اس دن خداوند قادر مطلق
فرماتا ہے،" میرے خادم سیالتی ایل ایک بیٹے زربّابل میں تمہیں
لے جاؤنگا-" میں تمہیں اپنے مہر کے انگوٹھی جیسا بنادونگا کیونکہ میں نے
تمہیں چُنا ہے-" خداوند قادر مطلق فرماتا ہے-

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**

- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html